D/Press Release (H)69

آزاد جموں و کشمیر انٹر میڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

پریس ریلیز:

جملہ متعلقین کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ مجاز فورم نے آزاد جموں وکشمیر انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ میرپور کے زیر اہتمام منعقدہ امتحان ثانوی پارٹ اول (جماعت نہم) سیکنڈ اینول 2024ء میں شمولیت کے حوالہ سے بذیل پالیسی کی منظوری صادر فرمائی ہے۔

1- ایسے امیدوار جنہوں نے (9th) کلاس میں امتحان فرسٹ اینول 2024ء میں شامل ہو کر ایک یا زائد مضامین میں 33% سے کم نمبرات حاصل کیے یا غیر حاضر رہے اور اگلی کلاس (10th) میں پروموٹ ہو چکے ہیں۔ وہ ان مضمون یا مضامین میں سیکنڈ اینول امتحان 2024ء میں شامل ہو سکتے ہیں لیکن اس کے ساتھ وہ کسی پاس مضمون یا مضامین میں بہتری نمبرات کیلئے شامل امتحان نہیں ہو سکتے۔

2- ایسے امیدواران جو جماعت نہم میں فرسٹ اینول 2024ء میں شامل ہوئے اور مکمل پاس ہو کر اگلی کلاس (10th) میں پروموٹ ہو گئے وہ بہتری نمبرات کیلئے کسی بھی مضمون یا مضامین میں سیکنڈ اینول 2024ء میں شامل امتحان ہو سکتے ہیں۔

3- سیکنڈ اینول امتحان 2024ء میں شامل ہونے والا کوئی بھی امیدوار جماعت دہم کے امتحان میں بورڈ پوزیشن کا حقدار نہ ہوگا۔

4- یہ امیدواران درج ذیل شیڈول کے مطابق سیکنڈ اینول 2024ء کیلئے جاری شدہ نوٹیفکیشن نمبر بورڈ/ ثانوی امتحانات /4590-4690 مورخہ 08-08-2024 میں دی گئی شرح فیس و ہدایات کی روشنی میں فارم داخلہ ارسال کر سکتے ہیں۔

فیس داخلہ حبیب بنک/ڈاکخانہ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ	فارم داخلہ دستی بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ	فارم داخلہ بذریعہ ڈاک بورڈ میں وصول ہونے کی آخری تاریخ
سنگل فیس 02-09-2024 تا 06-09-2024 (ریگولر/ پرائیویٹ امیدواران کے لئے)	06-09-2024	10-09-2024

30-08-24

(ایسوسی ایٹ پروفیسر قاری محمد مشتاق ملک)
کنٹرولر امتحانات کالجز/سکولز

05827-960038,05827-960004

نمبر بورڈ/ ثانوی/ 1977-2003/ 2024 مورخہ 30-08-24

نقل بالا بخدمت:

1- پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب چیئرمین بورڈ۔
2- جناب سیکرٹری بورڈ ہذا۔
3- ڈیٹا سپروائزر صاحب شعبہ کمپیوٹر بغرض ترسیل خبر بذریعہ ای میل۔
4- ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور بغرض اشاعت در قومی اخبارات بطور خبر۔
5- فوکل پرسن صاحب بورڈ ہذا۔
6- ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میرپور، ترارکھل، مظفرآباد/ ڈائریکٹر صاحب FM ریڈیو بالائی منزل لعل دین پلازہ F/1 میرپور آزاد کشمیر۔
7- نمائندہ صاحب پی ٹی وی/ نیوز ایجنسی اے۔ پی۔ پی۔ ساجد پلازہ میرپور۔
8- نمائندہ صاحب جیو ٹی وی میرپور۔
9- معزز نمائندگان روزنامہ جنگ/ نوائے وقت/ خبریں/ اوصاف/ محاسب/ جموں وکشمیر/ جناح/ پاکستان/ شاہین/ روشنک/ عدالت/ کشمیر ٹائمز میرپور بغرض اشاعت بطور خبر
10- انچارج صاحبان علاقائی دفاتر مظفرآباد/ راولاکوٹ۔
11- آفس فائل۔

CamScanner